مدیر مکتب الدعوۃ الشیخ عبداللہ المطیری حفظہ اللہ کی جامعہ آمد پر ان کا

والہانہ استقبال اور ان کے اعزاز میں پُر وقار تقریب

مورخہ 16 اپریل بروز اتوار مکتب الدعوۃ اسلام آباد کے مدیر الشیخ عبداللہ المطیر ی جامعہ علوم اُثریہ میں تشریف لائے۔ جادہ چوک جہلم پہنچنے پر نائب مدیر الجامعہ حافظ عبدالغفور مدنی، صدیق احمد یوسفی اور محمد ارشد سیٹھی نے ان کا پُرتپاک استقبال کیا۔ ان کے ہمراہ عظیم مذہبی سکالر شیخ ابراہیم خلیل الفضلی (مکتب الدعوۃ اسلام آباد) بھی تھے۔ معزز مہمانوں کا جامعہ علوم اُثریہ پہنچنے پر جامعہ کے اساتذہ مولانا محمد عبداللہ، مولانا سیف اللہ، مولانا ساجد ملک، مولانا قطب شاہ، قاری غلام رسول، مولانا محمد اصغر، مولانا نوید احمد بشار، مولانا محمد شعیب، اُثریہ ماڈل ہائیر سیکنڈری سکول کے پرنسپل زاہد خورشید، بدر خورشید اور جامعہ کے طلبا نے پُرتپاک اور والہانہ استقبال کیا۔ الاستاذ عبداللہ المطیر ی نے جامعہ علوم اُثریہ میں منعقدہ تقریب سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ اُرض حرمین شریفین سے شاہ سلمان بن عبدالعزیز آل سعود، سعودی حکومت، ائمہ حرمین و دیگر شیوخ کی طرف سے آپ کو نیک تمناؤں کا پیغام پہنچانے آیا ہوں۔ معزز مہمان نے مزید کہا کہ مکتب الدعوۃ میں اپنا عہدہ سنبھالنے کے بعد آج جامعہ کی زیارت کر کے دلی خوشی اور مسرت محسوس کر رہا ہوں۔ دنیا بھر میں پاکستانی علما کی خدمات نمایاں ہیں۔ پاکستان کے دینی مدارس سے سند فراغت حاصل کرنے والے علماء دنیا بھر میں دین کی تبلیغ کا فریضہ سرانجام دے رہے ہیں۔ نیز انہوں نے اپنی گفتگو جاری رکھتے ہوئے کہا کہ ہر مسلمان کی سعودی عرب سے محبت کسی دنیاوی غرض سے نہیں، بلکہ یہ اعزاز سعودی عرب کو اس بنا پر حاصل ہے کہ وہاں مسجد حرام، مسجد نبوی اور دیگر کئی ایک مقدس مقامات ہیں، جن سے محبت مسلمانوں کے ایمان میں شامل ہے۔ نائب مدیر الجامعہ حافظ عبدالغفور مدنی نے معزز مہمان کو سپاسنامہ پیش کیا اور جامعہ آمد پر معزز مہمان کا دل کی اتھاہ گہرائیوں سے شکریہ ادا کیا۔ شیخ الحدیث مولانا سیف اللہ نے بھی مہمانوں کیلئے شکریہ کے کلمات کہے اور مولانا محمد عبداللہ نے مختصر وقت میں نہایت جامعیت کے ساتھ جامعہ کا تعارف پیش کیا۔

اُثریہ ہسپتال بھٹیال کی از سرنو افتتاحی تقریب

جامعہ علوم اُثریہ جہلم کے زیر اہتمام اُثریہ ٹرسٹ ہسپتال بھٹیال جہلم کو از سرنو بہتر انداز میں چلانے